بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کووِڈ ڈیوٹی کرنے والے عملہ کے لیے نماز کا حکم

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ حضرت والا بفضل خدا خیر و عافیت سے ہوں گے اور دینِ متین کی مبارک محنت میں کوشاں ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرت کی عمر و علم میں برکت عطا فرمائے اور آپ حضرت کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم و دائم رکھے۔ آمین

مسئلہ یوں ہے کہ جو حضرات کووِڈ کی ڈیوٹی پر تعینات ہیں چاہے وہ کووِڈ ٹیسٹ کر رہے ہوں یا کووِڈ کے مریضوں کے ساتھ ان کا اٹھنا بیٹھنا ہو یا وہ کووِڈ ویکسین لگا رہے ہوں تو ایسے افراد کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا یہ افراد بھی عام لوگوں کے ساتھ نماز میں شریک رہیں یا الگ اپنی نماز ادا کریں؟

**سائل: ذیشان فاروق، کشمیر**

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس حوالے سے متعلقہ ادارہ صحت کی ہدایات معلوم کر لینی چاہیے کہ اگر وہ کووِڈ ڈیوٹی کرنے والے عملہ کو عام لوگوں سے الگ رہنے کا حکم دے تو الگ رہنے ہی پر عمل کیا جائے اور نماز الگ ادا کی جائے۔ ہاں اگر ادارۂ صحت اس عملہ کو عام افراد سے اختلاط کی اجازت دے تو عام لوگوں کے ساتھ مل کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ تاہم بیماری کی شدت کے پیشِ نظر ان حالات میں احتیاط یہی ہو گی کہ عام افراد سے الگ ہو کر اپنی نماز ادا کی جائے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**28-اپریل2021ء**